# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام: نعت | |


**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 8۔ شیٹس

## تحریکی سرگرمی: (منٹ 5)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنادیں اور دونوں گروہوں کو ایک ایک شیٹ دیں۔
- شیٹ پر نظم "نعت" سے متعلق ایک ایک سوال لکھا ہو۔
- ایک گروہ کے بچوں سے کہیں کہ وہ دی گئی شیٹ پر لکھا ہوا سوال دوسرے گروہ کے بچوں سے پوچھیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی پھر دوسرے گروہ کے بچوں سے کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے درست جواب دیں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے اور انھیں بہترین طلبہ کے اعزازی کارڈ دیے جائیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (منٹ 25)



- کتاب کے صفحہ نمبر 8 پر موجود مشق کے سوال نمبر 1 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بچوں کو پہلے نعت کا مفہوم آسان الفاظ میں بتادیں تاکہ بچے آسانی سے سوالات کے جواب دے سکیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک چوکور ڈبا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگا کاغذ چڑھالیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنادیں۔
- مشق میں دیے گئے سوالات کی پرچیاں بنائیں اور وہ ان جیبوں میں ڈال دیں۔
- مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کو بند ضرور کر دیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنادیں۔ ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بلائیں اور انھیں ڈبا ایسے گھما کر زمین پر لُڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس کی جیب سے پرچی نکالیں اور بچے سے اُس پر لکھے ہوئے سوال کا جواب پوچھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو اس کا موقع دیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ زیادہ سوالات کے جوابات دے گا وہ فاتح قرار دیا جائے گا۔
- اب تختہ تحریر پر صفحہ نمبر 8 پر سوال نمبر ا میں موجود تمام سوال لکھیں۔
- بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔ بچوں کی مدد سے درست جواب لکھیں اور ان کی خواندگی کروائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں نکالیں اور ان پر سوالات کے جوابات لکھیں۔

| |
|---|
| • اس دوران میں ان کی نگرانی کریں اور جہاں انھیں مشکل پیش آئے ان کی مدد کریں۔ |
| **اعادہ:**(3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر چند سوالات لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جواب لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | | سبق کا نام: نعت | |

**مقاصد:** درست لفظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔

کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 8،9۔ لفظی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (منٹ 5)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے نظم ""نعت"" سے متعلق مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- یہ نظم کن کے بارے میں ہے؟
- اس نظم میں موجود آپ نے نبی پاک خاتم النبیین ﷺ کی کون کون سی خوبیوں کے بارے میں پڑھا ہے؟
- اس نظم کے شاعر کا نام بتائیں۔
- تمام سوالات کے بچوں سے فرداً فرداً جواب حاصل کریں۔
- درست جواب دینے پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (منٹ 25)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 8 کھلوائیں اور متفرق بچوں سے کل کے پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو ایک سے دو بار نعت نظم خود پڑھوائیں۔ بعد میں بچوں کو خاموشی سے نظم پڑھنے کو کہیں۔
- اس دوران یہ دھیان میں رکھیں کہ بچے متعلقہ صفحے پر سطر کے نیچے اُنگلی رکھ کے پڑھ رہے ہیں۔
- اگر کسی بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقت پیش آ رہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- خاموش پڑھائی کے بعد کچھ بچوں سے با آواز بلند متن کی پڑھائی کروائیں۔
- پڑھائی کے دوران میں خیال رکھیں کہ بچے درست تلفظ سے الفاظ ادا کر پا رہے ہوں نیز شعر ترنم سے پڑھتے ہوں۔
- مختلف بچوں کو نظم پڑھنے کا موقع دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم پڑھی ہوئی نظم (نعت) کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مصرعے مکمل کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے مصرعوں پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی پرچیاں دیں، جن پر لفظ لکھنے کی جگہ خالی ہو۔
- اس کے علاوہ ہر گروہ کو خالی جگہ پر کرنے کے لیے تین تین لفظوں کی پرچیاں بھی دیں، جن میں ایک لفظ نظم کے مطابق درست اور باقی دو الفاظ غلط ہوں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ رنگ برنگی پرچیوں پر لکھے ہوئے مصرعے پڑھیں۔
- اس کے بعد پرچیوں پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور ان میں سے درست لفظ چن کر نامکمل مصرعوں میں لکھ کر مصرعے مکمل کریں اور اس سے اگلا مصرع سوچ کر شعر مکمل کریں اور اس کا مفہوم گروہ میں ایک دوسرے کو بتائیں۔ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔

| |
|---|
| • کتاب کے صفحہ نمبر 9 پر موجود مشق کے سوال نمبر 3 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دونوں کالموں میں موجود مصرعوں پر مشتمل پرچیاں تیار کر لیں۔<br>• جماعت کے دو گروہ بنالیں دونوں گروہوں کے نام گروہ ا"الف" اور گروہ "ب" کا نام دیں۔<br>• گروہ "الف" کو کالم "الف" پر مشتمل مصرعوں کی پرچیاں دیں۔ گروہ "ب" کو کالم "ب" کے مصرعوں پر مشتمل پرچیاں دیں۔<br>• اب کالم "الف" کے بچوں سے کہیں کہ وہ ان میں سے ایک پرچی کھول کر اس میں موجود شعر کے ایک مصرعے کو بلند آواز میں پڑھیں۔<br>• اس کے جواب میں اس شعر کا دوسرا مصرعہ گروہ "ب" کے جس بچے کے پاس موجود ہے وہ کھڑا ہو جائے اور مصرعہ پڑھ کر شعر مکمل کرے اسی طرح تمام مصرعوں کی تکمیل کروائیں۔<br>• اس سرگرمی کے بعد بچوں سے کالم "الف" کو کالم "ب" سے ملوا کر کتاب کا کام مکمل کروائیں۔<br>• آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند نامکمل مصرعے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی تکمیل کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | | سبق کا نام: نعت | |

**مقاصد:** کسی بھی موضوع پر بات چیت کر سکیں۔

الفاظ کے ارکان الگ کر کے سنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/ چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 9۔ پرچیوں کا ڈبا۔ ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (منٹ 5)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے ناموں کی پرچیاں ایک ٹوکری میں ڈالیں۔
- ایک ایک پرچی اُٹھاتے جائیں، جس بچے کا نام نکلے اُسے نظم "نعت" میں سے اپنی پسند کا ایک شعر سُنانے اور پسندیدگی کی وجہ بتانے کو کہیں۔
- بچوں کو درسی کتاب سے دیکھ کر نظم "نعت" پڑھنے کے لیے کچھ وقت دیں تاکہ اشعار کے چناؤ میں آسانی ہو۔

## تدریسی طریقہ کار: (منٹ 25)

- کتاب کے صفحہ نمبر 9 پر موجود سوال نمبر 4 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بچوں کو موضوع سے متعلق ضروری معلومات دیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ آپس میں بات چیت کریں اور ایک دوسرے کو بتائیں کہ نبی پاک خاتم النبیین ﷺ کی ذات کیسے ہمارے لیے رحمت کا باعث ہے؟
- بات چیت کے بعد متفرق بچوں سے سوال کا جواب حاصل کریں۔
- درست جواب دینے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 8 پر موجود سوال نمبر 5 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کو ہدایت دیں کہ سوال میں موجود الفاظ غور سے پڑھیں۔
- آپس میں بات چیت کے بعد ان الفاظ میں موجود ارکان بلند آواز میں پڑھیں۔
- درست ارکان بتانے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔
- درست کام نہ کرنے والے بچوں کی پیار سے اصلاح کریں۔ آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بچوں کی ذہنی جانچ کے لیے بورڈ پر دو کالم بنائیں ایک طرف صفحے پر موجود سوال نمبر 5 کے تمام الفاظ لکھیں اور دوسری طرف ان الفاظ کے ارکان بچوں سے الگ کر کے بورڈ پر لکھنے کو کہیں۔
- اس کام کو مکمل کرنے کے لیے کچھ وقت دیں۔ کام مکمل ہونے کے بعد بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے ارکان الگ کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | | سبق کا نام: نعت | |

**مقاصد:** حروف کو جوڑ کر الفاظ بنا کر الفاظ کے آخری حرف سے نیا لفظ بنا سکیں۔

نظم "نعت" روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 9۔ سرخ، سبز، سفید اور آسمانی رنگ کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (منٹ 5)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو بتائیں آج ہم "ہر لفظ کے آخری حرف سے نئے الفاظ بناتے ہوئے لفظوں کی زنجیر بنائیں گے۔
- یہ زنجیر بنوانے کے لیے پہلے استاد خود ایک لفظ کے آخری حرف سے ایک نیا لفظ بنائیں مثلاً انار سے رات، رات سے تربوز، تربوز سے زنجیر وغیرہ۔
- اسی طرح لفظ آم، لاہور، انار کلی وغیرہ بورڈ پر لکھ دیں اور بچوں سے ان کے آخری حرف سے دو دو نئے لفظ بنوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (منٹ 25)

- کتاب کے صفحہ نمبر 9 پر موجود سوال نمبر 6 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر تمام حروف لکھیں اور بچوں کو ان حروف کی پڑھائی کروائیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "حروف" دوسرے میں "الفاظ" کے عنوان لکھیں۔
- اب حروف والے کالم میں کتاب پر موجود تمام حروف الگ الگ کر کے لکھیں۔
- اب بچوں سے پوچھیں کہ ان حروف کو ملا کر لفظ بنائیں اور بتائیں کہ کیا لفظ بنتا ہے؟
- جو بچے جواب دیں اور وہ لفظ "الفاظ" والے کالم میں لکھیں۔
- اسی طرح یہ مشق باقی حروف پر بھی کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کروائیں۔
- حروف کے بعد بننے والے الفاظ کے آخری حروف کو بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے ان حروف سے بننے والے الفاظ بورڈ پر لکھوائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 9 پر موجود سوال نمبر 7 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص رنگ کا نام دیں۔
- اس مقصد کے پیش نظر بچوں کی تعداد کے مطابق چاروں رنگوں سرخ، سبز، سفید اور آسمانی کی پرچیاں بنائیں اور باری باری بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔
- جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے وہ اس رنگ کے گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- چاروں گروہوں کے بچوں کو ایک دائرے میں بٹھائیں اور انھیں ایک ایک پرچی دیں، جس پر شعر لکھا ہو۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ دیے گئے شعر کو ترنم، درست لہجے اور آہنگ کے ساتھ پڑھیں۔
- اب بچوں کو بات چیت کے لیے تین سے چار منٹ کا وقت دیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ دیے گئے شعر کو درست تلفظ اور لے سے پڑھنے کے ساتھ ساتھ اس کا آسان مفہوم بھی بتائیں۔
- ہر گروہ میں سے کسی بچے کو رضاکارانہ طور پر شعر پڑھنے کی ہدایت دیں۔

| |
|---|
| • جو گروہ سب سے اچھی لے میں شعر پڑھنے کے لیے تالیاں بجوائیں۔<br>• بچوں سے سر گرمی کروانے کے بعد "نعت" کے پہلے تین اشعار کی پڑھائی خود کریں اور اس کے بعد بچوں کو نظم "نعت" کا مفہوم سمجھائیں۔ |
| **اعادہ:**(3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ کے حروف لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے الفاظ لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: نعت | |

**مقاصد:** واحد کو جمع سے ملا سکیں۔


الفاظ کی املا لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 10۔ پرچیوں کا ڈبا۔ چارٹ پیپر سے بنے ہوئے دو درخت۔ دو ٹوکریاں

## تحریکی سرگرمی: (منٹ 5)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔ میز پر دو ٹوکریاں رکھ دیں ایک میں صرف واحد یا تعداد میں صرف ایک چیز رکھیں جیسے: پنسل، ربڑ، شاپنر سکیل، پن، ایک ڈائری وغیرہ
- دوسری ٹوکری میں ان تمام چیزوں کے جوڑے یا پھر تعداد میں تین چیزیں ربڑ بینڈ کی مدد سے باندھ کر رکھ دیں۔
- چند بچوں کو بلا کر دونوں ٹوکریوں میں سے چیزوں کو اُٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے سوال کریں کہ کس کے پاس صرف ایک چیز ہے اور کس کے پاس دو یا دو سے زیادہ۔
- بچوں کو بتائیں کہ ایک چیز کو واحد اور زیادہ چیزوں کو جمع کہتے ہیں۔
- بچوں کو دو گروہوں میں الگ الگ کھڑا کر دیں۔ بچوں سے سوال کریں کہ کون سا گروہ واحد چیزوں والا ہے اور کون سا گروہ جمع چیزوں والا؟
- درست جواب حاصل کرنے کے بعد انھیں شاباش دیں اور اپنی نشستوں پر واپس جانے کے لیے کہیں۔
- بچے واحد جمع کے تصور سے واقف ہیں یہاں انھیں آج کی سرگرمی کے لیے تیار کرنا مقصود ہے۔

## تدریسی طریقہ کار: (منٹ 25)




- کتاب کے صفحہ نمبر 10 پر موجود مشق کے سوال نمبر 8 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر چارٹ پیپر سے بنے ہوئے دو درخت لگا دیں ایک درخت پر فاصلے سے واحد الفاظ لکھے ہوئے ہوں (عورت، سڑک، جراب، دوات، میز)۔
- دوسرے درخت پر ان ہی الفاظ کے جمع الفاظ لکھ دیں۔
- ان دونوں درختوں کے درمیان میں ایک چارٹ پر "یں" لکھ کر رکھ دیں۔
- اب جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ایک گروہ سے باری باری صرف واحد الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- پھر دوسرے گروہ سے جمع الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔ جو بچے درست تلفظ سے ان الفاظ کی ادائی کریں، انھیں شاباش دیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ دونوں درختوں کے الفاظ میں کیا فرق تھا؟ بچوں کے جواب دینے کے دوران میں ایک ہاتھ میں صرف ایک کتاب اور دوسرے میں دو سے تین کتابیں (جتنی آسانی سے پکڑ سکیں) اُٹھا کر بچوں کو دکھائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ایک چیز کو واحد اور دو یا دو سے زیادہ چیزوں کو جمع کہتے ہیں۔
- انھیں بتائیں کہ آج ہم "یں" لگا کر واحد الفاظ کی جمع بنائیں گے۔

| |
|---|
| • درسی کتاب کے صفحہ نمبر 10 پر سوال نمبر 8 میں دیے گئے واحد الفاظ کی تصاویر پر بنی فلیش کارڈ بچوں کو دکھا کر ان سے ان کے ناموں کی ادائی کروائیں۔<br>• کارڈ کی پچھلی طرف ان واحد الفاظ کا آخری حرف خط کشیدہ ہو۔ بچوں سے کہیں اس حرف کو "یں" سے تبدیل کریں اور اب بتائیں کہ الفاظ میں کیا تبدیلی آئی ہے؟<br>• درست جواب بتانے پر تالیاں اور غلط جواب پر اصلاح کریں۔<br>• تمام بچوں سے واحد الفاظ کے ساتھ ساتھ ان واحد الفاظ کے جمع سنیں اور پھر تمام الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے ان کے جمع لکھوائیں۔<br>• اس کے بعد کتاب کا کام مکمل کروائیں۔<br>• صفحہ نمبر 10 پر موجود سوال نمبر 9 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے سوال میں موجود تمام الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے ان کی بار بار خواندگی کروائیں۔<br>• اس کے بعد بچوں کو الگ الگ بٹھا کر ان الفاظ کی املا لکھوائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند واحد الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جمع لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ

دیے گئے واحد کے جمع لکھیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| فوج | |
| رات | |
| کتاب | |
| آواز | |
| رحمت | |
| سڑک | |
| جراب | |

# سبقی منصوبہ بندی


| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت:دوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | | سبق کا نام: نعت | |

**مقاصد:** اشاروں کی مدد سے جملے لکھ سکیں۔

اپنی پسند کی نعت یاد کر کے سنا سکیں۔


**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 10۔ شیٹیں

## تحریکی سرگرمی: (منٹ 5)




- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کی ذہنی آمادگی کے لیے تختہ تحریر پر نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کے بارے میں کچھ اشارے لکھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان اشاروں کو غور سے دیکھیں۔ اس میں لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور سوچ کر بتائیں کہ یہ کس شخصیت کے بارے میں ہیں؟
- جو بچہ سب سے پہلے ہاتھ کھڑا کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔
- درست جواب پر اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور غلط پر بھی اس کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے پھر کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ جب بھی نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کا نام سنیں یا پڑھیں تو ہمیں کیا کہنا چاہیے؟
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں اور ان کے ساتھ مل کر ایک بار درود شریف پڑھیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (منٹ 25)




- کتاب کے صفحہ نمبر 10 پر موجود مشق کے سوال نمبر 10 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر کتاب میں دیے گئے اشارے لکھیں۔
- ان اشاروں کے بارے میں بچوں کو معلومات فراہم کریں۔
- اس کے بعد جماعت کے بچوں کے چار گروہ بنادیں۔ چاروں گروہوں کو ایک ایک سادہ شیٹ دیں۔
- ان سب گروہوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان اشاروں کی مدد سے نبی پاک خاتم النبیین ﷺ کے بارے میں جملے لکھیں۔
- اس کام کے لیے انھیں مخصوص وقت فراہم کریں۔ کام کی نگرانی کریں جہاں بچے مشکل محسوس کریں ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- وقت مکمل ہونے کے بعد تمام گروہوں کے بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ایک ایک کر کے آئیں اور اپنے لکھے ہوئے جملے سنائیں۔
- اس کے بعد بچوں کے لکھے جملے چیک کریں۔
- بچوں کی جانب سے لکھے گئے جملے جن میں اچھے الفاظ کا چناؤ کیا گیا ہو ان کو بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ان جملوں کو کاپی میں لکھیں۔
- اگلی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ کل گھر سے اپنے ٹیلی وژن یا انٹرنیٹ سے اپنی پسندیدہ نعت سن کر آئیں اور اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)متفرق بچوں سے نبی پاک خاتم النبیین ﷺ سے متعلق بورڈ پر جملے لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

# ورک شیٹ

دیے گئے اشاروں کی مدد سے چند جملے لکھیں۔

دادا کا نام

پیدائش کا شہر

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم
[illegible]

والِد کا نام

والِدہ کا نام